خبر نامہ

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

خوب سے خوب تر کی جانب گامزن

مارچ 2022ء

- طلباء سوسائٹیز کا تعارفی اوپن ہاؤس سیشن
- بائیوٹیکنالوجی کے رجحانات اور مسائل کے موضوع سیمینار
- انسداد منشیات اور خواتین کی ہراسمنٹ کے موضوع پر سیمینار
- خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے سیمینار
- شعبہ شماریات کے زیر اہتمام تربیتی ورکشاپ
- عربی زبان وادب کے حوالے سے بین الاقوامی ورکشاپ
- جنیاتی بیماریوں کی تشخیص اور علاج کے موضوع پر انٹرنیشنل سیمینار
- لنکن کارنر کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط
- بسلسلہ یوم پاکستان مقابلہ جات
- کل پاکستان ادبی مقابلہ جات

GCUF Ranked at 601-800

by TIMES HIGHER EDUCATION World University Ranking

THE WORLD UNIVERSITY RANKINGS 2022

Ranked **2nd** among All Pakistan Universities

Ranked **1st** among All Punjab Province Universities

Striving for Excellence

Prof. Dr. Shahid Kamal
Patron in Chief
Vice Chancellor

Mr. Zeshan Ahmed Khan
Chief Editor
Public Relation Officer

Mr. Rizwan Ahmad
Editor
Protocol Officer

Mr. Hassan Mahmood
Designing and Composing
Computer Programmer

شعبہ تعلقاتِ عامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

جی سی یونیورسٹی کی طلباء سوسائٹیز کا تعارفی اوپن ہاؤس سیشن کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ نظامت امور طلباء کے زیر انتظام کام کرنے والی مختلف سوسائٹیز کے لیے تعارفی اوپن ہاؤس سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اوپن ہاؤس سیشن کا مقصد سوسائٹیز کے کام کرنے کا طریقہ کار اور اس کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں طلباء کو رہنمائی فراہم کرنا تھا۔ تاکہ وہ مختلف سوسائٹیز میں اپنے فن کی مہارت کا مظاہرہ کر سکیں۔ وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر شاہد کمال نے اوپن ہاؤس سیشن کا افتتاح کیا، انہوں نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ ایسی سوسائٹیز کو متعارف کروانے کا مقصد طلباء کو تعلیم کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا ہے تاکہ وہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں اپنے فن کا مظاہرہ کر سکیں، ان کا کہنا تھا کہ سوسائٹیز کے دائرہ کار کو بڑھایا جا رہا ہے تاکہ معاشرے کے اندر مثبت تبدیلی لائی جا سکے، ایسے ایونٹ کے انعقاد سے طلباء میں مقابلے کی فضا پیدا ہوتی ہے ان میں خود اعتمادی اور آگے بڑھنے کا حوصلہ پیدا ہوتا ہے۔ وائس چانسلر نے سوسائٹیز کی طرف سے لگائے گئے اسٹالز کا دورہ کیا اور ان کے ممبران سے تعارفی ملاقاتیں کیں، انہوں نے ممبران سے سوسائٹی کے اغراض و مقاصد اور ان کے مثبت اثرات کے حوالے سے گفتگو کی۔ اس موقع پر انہوں نے ڈائریکٹر نظامت امور طلباء ڈاکٹر ندیم سہیل، سوسائٹیز ممبران اور طلباء کی کثیر تعداد موجود تھی۔

جی سی یونیورسٹی میں بائیو ٹیکنالوجی کے رحجانات اور مسائل کے موضوع پر دو روزہ سیمینار کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ بائیو ٹیکنالوجی اور ورلڈ وائیڈ سائنٹفیک کے اشتراک سے نیشنل سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ دو روز جاری رہنے والے اس سیمینار میں ملک بھر سے ماہرِ تعلیم، سائنٹسٹ، بائیو ٹیکنالوجی کے ماہرین سمیت ملکی اور غیر ملکی کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ مباحثہ میں غذائی بائیوٹیکنالوجی، حیوانیات، غذائیت، زرعی وسائل اور انجینئرنگ کے مختلف پہلوؤں،اور رجحانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چار تکنیکی سیشنز میں مالیکیولر بائیالوجی،حیوانیات اور غذائیت کے موضوعات پر70 پوسٹرز اور50 سائنسی مقالات کو پیش کیا گیا جن میں ماہرین نے بائیو ٹیکنالوجی ،غذائی سائنس میں جدتوں اور زراعت میں ابھرتے ہوئے مسائل اور انکے حل کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیئر مین شعبہ بائیو ٹیکنالوجی ڈاکٹر عامر محمود نے تحقیق کی فروغ کے اعلٰی مقاصد کے لیے تمام مندوبین کی خصوصی آمد کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بائیوٹیکنالوجی کے شعبہ نے میڈیکل، زراعت، ماحولیات،

اور انڈسٹری کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ممبر وزیر اعظم ٹاسک فورس برائے سائنس انڈ ٹیکنالوجی پروفیسر ڈاکٹر شاہد منصور نے اپنے خطاب میں کہا کہ حکومت کی اولین کوشش ہے کہ بائیوٹیکنالوجی کے شعبہ میں جدت لائی جائے۔ انہوں نے کہاں کہ ٹیکنالوجی کے انقلاب سے استفادہ اسی صورت ممکن ہے جب ہم نوجوانوں کو بدلتے وقت اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نظام تعلیم سے آراستہ کریں گے۔ شرکاء نے تعلیم کے فروغ کے لئے ٹیکنالوجی کے استعمال، بین الاقوامی اداروں سے ایکریڈیشن،اساتذہ کی استعداد میں اضافے، ملک میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس، بائیو ٹیکنالوجی و دیگر جدید علوم کے فروغ کے حوالے سے مختلف تجاویز پر بریفنگ دیتے ہوئے تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے اہداف پر مبنی ایکشن پلان پر مجوزہ سفارشات پیش کیں۔ اس موقع پر ملک بھر کی نامور جامعات سے طلبہ اور اساتذہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور اپنی سائنسی کاوشوں سے آگاہ کیا۔

انسداد منشیات اور خواتین کی ہراسمنٹ کے موضوع پر ایک روزہ سیمینار

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ نظامت امور طلباء اور فیصل آباد سٹی پولیس کے اشتراک سے انسداد منشیات اور خواتین کی ہراسمنٹ کے موضوع پر ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد معاشرے میں انسداد منشیات اور خواتین کو ہراساں کرنے جیسے معاملات سے نمٹنے کے لیے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ سیمینار کی صدارت وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی، جبکہ صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول حافظ ممتاز احمد، پنجاب نارکوٹکس کنٹرول اتھارٹی کے چیئرمین چوہدری رمضان پرویز اور سٹی پولیس آفیسر فیصل آباد غلام مبشر میکن نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کا نے نشہ آور اشیاء کے استعمال سے ہونے والے سماجی، معاشی اور ماحولیاتی نقصانات بتاتے ہوئے یونیورسٹی کو ہر طرح کی نشہ آور اشیاء سے پاک کرنے کیلئے سخت سے سخت اقدامات اٹھائے گئے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کی حدود نشہ آور اشیاء سے پاک ہے۔ چیئرمین نارکوٹکس کنٹرول پنجاب چوہدری رمضان پرویز کا کہنا تھا کہ ہمارے معاشرے میں بد قسمتی سے برائیوں کے خلاف مزاحمت کا رحجان نہیں، معاشرے کی تشکیل کے لئے ہر فرد کو جہاد کرنا ہوگا، منشیات کا بھڑتا ہوا رحجان معماران قوم کو برباد کردے گا۔ صوبائی وزیر حافظ ممتاز احمد کا اس موقع پر کہنا تھا کہ صوبائی حکومت اور محکمہ ایکسائز اینڈ نارکوٹکس معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے پر عزم ہے، منشیات ناسور کی طرح معاشرے اور خصوصی طور پر نوجوانوں اور طلباء میں پھیل رہی ہیں، ہم سب نے مل کر منشیات کے خلاف کام کرنا ہے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے سٹی پولیس آفیسر غلام مبشر میکن کہنا تھا کہ ہماری آبادی کا پچاس فیصد سے زائد خواتین پر مشتمل ہے ضلعی پولیس خواتین کے تحفظ کے حوالے سے کام کر رہی ہے خواتین ہراسمنٹ یا کسی بھی تشدد کے حوالے سے کسی بھی درخواست پر نہ صرف فوری ریسپانس دیا جاتا ہے بلکہ 24 گھنٹے کے اندر ایف آئی آر کا اندراج بھی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل نے کہا کہ تعلیم یافتہ مائیں معاشرتی برائیوں کی روک تھام میں موثر کردار ادا کرسکتی ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انھیں تعلیم صحت ، معیشت، روزگار سماجی ہم آہنگی اور اس کی پاسداری جیسے امور میں شریک کیا جائے۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ عمرانیات کے زیراہتمام خواتین کے عالمی دن پر ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد خواتین کی سماجی، سیاسی، اقتصادی اور تعلیمی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے اس سال کا تھیم "ایک پائیدار کل کے لیے آج صنفی مساوات" کے نام سے رکھا گیا ہے۔ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں منعقدہ تقریب کی مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر طیبہ شاہین چیئرپرسن فیصل آباد بورڈ اور محترمہ فرخ رضوان ڈائریکٹر سوشل ویلفئر ڈیپارٹمنٹ تھیں۔ چیئرپرسن شعبہ عمرانیات پروفیسر ڈاکٹر زاہرہ بتول نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ معاشی اور تعلیمی سرگرمیوں میں خواتین کا کردار نمایاں ہے، ملکی ترقی میں خواتین کے کردار اور اہمیت کو سمجھا جانا چاہیئے، انہوں نے مزید کہا کہ ہماری یونیورسٹی معاشرے سے صنفی تفریق کے خاتمے کے لیے طلباء و طالبات کو اعلی تعلیم کے مساوی مواقع اور سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ ڈاکٹر طیبہ شاہین نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین ہر شعبہ میں مردوں کے شانہ بشانہ کام کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، انہوں نے کہا کہ حکومت کی طرف سے خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے قانون سازی کرنا نہایت خوش آئند کارنامہ ہے۔ سوشل ویلفئر کی ڈائریکٹر فرخ رضوان نے خواتین کے حوالے سے اپنے شعبہ کی کارکردگی اور خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے جاری پروجیکٹ پر بریفنگ دی۔ تقریب سے ڈین مینیجمینٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ انور، چیئرپرسن شعبہ زوالوجی پروفیسر ڈاکٹر سلمہ سلطانہ، چیئر پرسن شعبہ نیوٹریشن پروفیسر ڈاکٹر مہر النساء، چیئر پرسن شعبہ سائیکالوجی ڈاکٹر رابعہ خاور نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں طالبات نے خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کے لیے تقاریر بھی کیں۔

شعبہ شماریات کے زیر اہتمام دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ شماریات کے زیر اہتمام دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کا مقصد عصر حاضر میں شعبہ شماریات میں ریسرچ کی اہمیت اور پیشہ وارانہ زندگی میں اس کے استعمال کے حوالے سے طلبہ و طالبات کو آگاہی فراہم کرنا تھا۔ تقریب کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے خطاب میں کہا کہ شماریات کے شعبہ میں مسابقت، موزونیت اور جدت لانے کی ضرورت ہے تاکہ طلباء کے لیے تعلیمی، تحقیقی اور سائنسی بنیادوں پر جدید علم کے حصول کے لیے راہیں ہموار کی جائیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہمارا مقصد ڈیٹا کے تجزیہ اور شماریاتی تکنیکوں کے استعمال پر دسترس رکھنے والے ایسے ماہرین شماریات پیدا کرنا ہے جو دنیا کو در پیش حقیقی مسائل کا حل تلاش کر سکیں۔ اس موقع پر شعبہ شماریات کے چیئرمین ڈاکٹر تنویر احمد کا کہنا تھا کہ شعبہ شماریات کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ہماری فیکلٹی بین الشعبہ جاتی تحقیق، شماریاتی نظریہ، اور ڈیٹا کے تجزیہ کے ماہر اساتذہ پر مشتمل ہے یہی وجہ ہے کہ ہمارے طلباء و طالبات تعلیم، صنعت، بینکاری، سائنسی اور تحقیقی شعبوں میں خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔ ورکشاپ میں ملک بھر سے ریسرچرز اور ماہرین شماریات نے شرکت کی۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ سروے، مردم شماری، ایم آر آئی، ایف ایم آر آئی، ای ای جی، بائیو میٹری، جینیات، ہوائی ٹریفک، کاروبار، کمپیوٹر سائنس، مارکیٹنگ انجینئرنگ، سوشل اینڈ ہیلتھ سائنسز، آرٹس اور ہیومینٹیز کے شعبوں میں خصوصاً شماریاتی آلات کے استعمال میں بتدریج اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

جی سی یونیورسٹی میں عربی زبان و ادب کے حوالے سے دو روزہ بین الاقوامی ورکشاپ۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ علوم عربیہ کے زیر اہتمام عربی زبان و ادب کے حوالے سے دو روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کا مقصد طلباء و طالبات کو عربی زبان و ادب کے حوالے سے تاریخی پس منظر اور پاکستان میں عربی زبان کی ترویج کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ فن ترجمہ ایک مشکل فن ہے، ایک زبان کو بعینہ دوسری زبان میں منتقل کرنے میں ثقافت کا عنصر ایک بڑی رکاوٹ ہے ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر ہمایوں عباس پرنسپل اورنٹیل کالج جی سی یونیورسٹی فیصل آباد نے عربی زبان و ادب کے حوالہ سے ہونے والی دو روزہ ورکشاپ کی افتتاحی تقریب میں کیا۔ تقریب کی مہمان جامعہ ازہر مصر سے آنے والی استاد ڈاکٹر ھند عبد الحلیم محفوظ رمضان تھی۔ انہوں نے اپنی تقریر میں اردو اور عربی کے الفاظ کی مثالیں دے کر بتایا کہ ایک لفظ معنی کے اعتبار سے کس طرح مختلف ہوتے ہیں۔ رسالہ، اخبار، غریب اور اس طرح کے کتنے ہی الفاظ کو دونوں زبانوں کے تناظر میں سمجھایا۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں شعبہ عربی کے چیئرمین عبد المجید بغدادی نے مختلف لغات پر اس حوالے سے کام کی اہمیت کا ذکر کیا۔ ڈاکٹر محمد سلیم انچارج شعبہ عربی نے مہمانوں کا شکریہ ادا کر کے اسے طلباء و طالبات کے لیے مفید قرار دیا۔ انہوں نے قرآن کریم کے تراجم کے اختلاف کے اسباب پر بھی روشنی ڈالی۔ اس پروگرام کے آرگنائزر ڈاکٹر افتخار احمد خان اور ڈاکٹر غلام احمد تھے۔ ورکشاپ میں طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

جی سی یونیورسٹی میں جنیاتی بیماریوں کی تشخیص اور علاج کے موضوع پر انٹرنیشنل سیمینار کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ بائیو کیمسٹری کے زیر اہتمام جنیاتی بیماریوں کی تشخیص اور علاج کے حوالے سے ایک روزہ شمپوزیم کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد طلباء طالبات کو جنیاتی بیماریوں کی روک تھام اور اس کے متعلق آگاہی فراہم کرنا تھا تاکہ معاشرے کو متعدد جنیاتی بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ سیمینار کی صدارت وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی جبکہ پروفیسر ڈاکٹر محمد علی وائس چانسلر قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آبا نے طور مہمان خصوصی شرکت کی اس کے علاوہ ڈاکٹر زبیر احمد یونیورسٹی آف میری لینڈ امریکہ، ڈاکٹر نجم الحق بی زیڈ یو، ڈاکٹر فضل ربی نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس منفرد فورم میں ماہرین کے پیشہ وارانہ تبادلہ خیال سے مرض کی بروقت تشخیص اور علاج میں مدد ملے گی۔ وائس چانسلر قائد اعظم یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کا کہنا تھا کہ جنیاتی بیماریوں سے بچنے اور آئندہ نسل کو ان سے محفوظ رکھنے کے لیے کزن میرج اور دیگر عوامل کی روک تھام ضروری ہے۔ انچارج ڈین فیکلٹی آف فارماسیوٹیکل پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انور بخاری نے اس موقع پر اپنے شعبہ کی کارکردگی رپورٹ پیش کی اور معزز مہمانان گرامی کی آمد کا شکریہ ادا کیا۔ اس بین الاقوامی سیمینار کے شرکاء میں ملکی اور بین الاقوامی ماہرِ تعلیم اور جنیاتی بیماریوں پر ریسرچ کرنے والے سائنسدان شامل تھے۔ اس کانفرنس میں ماہرین نے مختلف بیماریوں ، بچاؤ کی حکمت عملی سمیت مالیکیولر تشخیص کے متعلق موضوعات اور پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا ۔ ماہرین نے جدید جنیاتی ریسرچ، جنیاتی مشاورت برائے جنیاتی امراض، پاکستان میں موجود جنیاتی بیماریاں، بچاؤ کی حکمت عملی اور تشخیص کے نئے رجحانات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا اور سفارشات مرتب کیں۔

جی سی یونیورسٹی میں شعبہ پاکستان سٹڈیز کا افتتاح

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ پاکستان سٹڈیز کا افتتاح وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال نے کیا۔ اس سے پہلے شعبہ تاریخ و مطالعہ پاکستان اکھٹے تھے۔ اب دونوں شعبہ جات کو علیحدہ علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ شعبہ پاکستان سٹڈیز نے یوم پاکستان کے حوالے سے مشاہر پاکستان کی تصویری نمائش کا اہتمام کیا۔ طلبہ و طالبات نے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کو مشاہیر کی خدمات سے آگاہ کیا۔ 1857 سے لے کر 1947 تک پاکستان کی تخلیق میں کردار ادا کرنے والی شخصیات کی تصاویر عوام کی توجہ کا مرکز بنی رہیں۔ پاکستان کی تخلیق میں جن صوفیائے کرائم نے اپنا کردار ادا کیا ان کے مزارات کی بھی تصاویر بھی آویزاں کی گئی ہیں ۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال نے کہا کہ یوم پاکستان کے حوالے سے اس وقت اس بات کی اشد ضرورت تھی کہ طلبہ و طالبات کو ان شخصیات کی خدمات سے آگاہی دی جائے جنھوں نے پاکستان بنانے میں اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔ پاکستان بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا ہے۔ اس کے وقار، سالمیت اور بقا کے لئے ہمیں ہر وقت متحرک رہنے کی ضرورت ہے۔

جی سی یونیورسٹی مین ورلڈ واٹر ڈے کے حوالے سے آگاہی واک کا انعقاد

جی سی یونیورسٹی یوم پاکستان مقابلہ جات کے پوزیشن ہولڈرز میں تقریب تقسیم انعامات

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ نظامت امور طلباء اور شعبہ تعلقات عامہ کے اشتراک سے یوم پاکستان اور رمضان المبارک کے مقدس مہینہ کی آمد کے حوالے سے طلباء میں پینٹنگ مقابلہ جات، کیلی گرافی، ملی نغمہ، تقریری مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ اس سلسلے میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی زیر صدارت ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی چوہدری محمد شفیق انجم تھے۔ پوزیشن ہولڈرز طلباء و طالبات میں کیش پرائز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کہا کہ 23 مارچ کا دن ہمارے لیے تاریخی حثیت کا حامل ہے اس حوالے سے بچوں کی بنائی گئ پینٹنگ، کیلی گرافی اور ملی نغموں سے تحریک پاکستان کی جھلک نظر آتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی ترقی اور استحکام کا راز سخت محنت، رواداری، ہم آہنگی اور تعلیمی اقدار میں پوشیدہ ہے۔ اس موقع پر چوہدری محمد شفیق نے اپنے خطاب میں کہا کہ تعلیمی اداروں میں موجود طلباء ہمارا مستقبل ہیں ایسی ہم نصابی سرگرمیوں سے بچوں میں مقابلہ کی فضا پیدا ہوتی ہے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال اور مہمان خصوصی چوہدری محمد شفیق نے پوزیشن ہولڈر طلباء طالبات میں کیش پرائز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ اس موقع پر رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر ہدائت رسول، نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل، انچارج شعبہ تعلقات عامہ ذیشان احمد خان، پروٹوکول آفیسر رضوان احمد، میوزیکل سوسائٹی کے انچارج حسن سانول سمیت طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

عالمی یوم جنگلات کے موقع پر آگاہی واک اور شجر کاری مہم

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں جشن نوروز کی تقریب

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے کالج آف اورینٹل لینگویج اور شعبہ فارسی کے کے اشتراک سے جشن نوروز کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈاکٹر سمیع اللہ اور ڈاکٹر ثانیہ بشیر کی طرف سے شعبہ فارسی کے اتاق ایران شناسی میں جشن نوروز کی مناسبت سے سفرہ ہفت سین آراستہ کیا گیا۔ تقریب کی صدارت پرنسپل کالج آف اورینٹل لینگویج پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس نے کی جبکہ پروفیسر ڈاکٹر سائرہ خانم پرنسپل ایوب ریسرچ کالج فار وویمن، ڈاکٹر محمد سعید صدر شعبہ اردو نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد سمیع نے جشن نوروز کی ابتدا اور ترویج کے حوالے سے تعارفی گفتگو کی۔ پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس نے اپنے خطاب میں کہا کہ جشن نوروز نئے شمسی سال کے آغاز اور جشن بہار کی آمد کے حوالے سے ایران، افغانستان اور وسطی ایشیائی ممالک میں بالخصوص جبکہ پاکستان بالعموم منایا جاتا ہے، ان کا مزید کہنا تھا کہ اس تہوار میں ہمارے خطے کی ثقافت بھی دیکھائی دیتی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر سائرہ خانم کا کہنا تھا کہ اس تہوار کو منانے کا مقصد قدیم ترین تہذیب کو زندہ رکھنا ہے۔ ڈاکٹر محمد سعید نے اردو ادب اور شاعری میں موسم بہار کے موضوع اور اس کے پس منظر کو اجاگر کیا۔ دیگر مقررین میں صدر شعبہ عربی ڈاکٹر محمد سلیم اسماعیل، صدر شعبہ پنجابی ڈاکٹر محمد فیاض مگھیانہ اور ڈاکٹر ثانیہ بشیر نے بھی اظہار خیال کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی اساتذہ سمیت طلباء و طالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔

کل پاکستان ادبی مقابلہ جات۔ جی سی یونیورسٹی فاتح قرار

یوم پاکستان ۲۳ مارچ کے تاریخی دن کے حوالے سے استحکام پاکستان کے نام سے منصوب گومل یونیورسٹی میں قومی سطح پر ہونے والے کل پاکستان ہم نصابی سرگرمیوں کی تقریب "امید سحر 2022" میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پانچ انفرادی پوزیشنز کے علاوہ ٹیم ٹرافی کے ساتھ فاتح قرار پائی۔ دوسری طرف فاسٹ نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ سائنس میں ڈیرہ 2022 کے نام سے منصوب قومی سطح پر ہونے والے کل پاکستان ہم نصابی سرگرمیوں کی تقریب میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد 12 انفرادی پوزیشنز کے علاوہ ٹیم ٹرافی کے ساتھ فاتح قرار پائی۔

امریکن قونصل جنرل کی جی سی یونیورسٹی فیصل آباد آمد، مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اور امریکی سفارتخانہ کے اشتراک سے جامعہ میں قائم کردہ لسنکن کارنر کے ذریعے باہمی تعاون اور تعلیم کے فروغ کے مشترکہ منصوبوں کے لیے مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ اس حوالے سے تقریب گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نیو کیمپس میں منعقد ہوئی، معاہدے پر امریکی سفارتخانہ کی جانب سے قونصل جنرل وولیم کے میکنیول جبکہ دوسری طرف وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے دستخط کیے۔ معاہدے کی رو سے فریقین ثقافتی، تعلیمی پروگراموں کے تبادلوں اور طلباء کے لیے بہترین تعلیمی مواقعوں کی فراہمی جیسے نکات پر مل کر کام کریں گے۔اس موقع پر امریکی قونصل جنرل نے کہا کہ پاکستان میں لسنکن کارنر مختلف پروگراموں کے ذریعے باہمی افہام وتفہیم، خوشحالی اور عوامی تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے ایک منظم پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ لسنکن کارنر کے پروگرامز اور وسائل یونیورسٹی کے طلباء ، ماہرین تعلیم کے لیے ہیں۔ تقریب سے خطاب میں وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کا کہنا تھا کہ لسنکن کارنر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے طلباء اور اس علاقے کے نوجوانوں کو سیکھنے اور مستقبل کی ترقی کے لیے جدید وسائل اور مواقع مہیا کرتا ہے، اس کے ذریعے یونیورسٹی کے طلباء اب خود کو متنوع مسابقتی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے اہل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ لسنکن کارنر طلبہ کو جدید تعلیم کے تقاضوں سے روشناس کروا رہا ہے، آنے والے دنوں میں یونیورسٹی اس کارنر کو مزید فعال بنائے گی۔ وائس چانسلر نے لسنکن کارنر کو وسیع پیمانے پر پھیلانے اور فیصل آباد کے نوجوانوں کے لیے مستقبل کے وسیع مواقع پیدا کرنے کا اعادہ بھی کیا۔ انچارج لسنکن کارنر فیصل آباد کنزہ عمر خان نے لسنکن کارنر کی اب تک کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر وفد کو بریفنگ پیش کی۔ لسنکن کارنر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد اولڈ کیمپس کے بعد اب نیو کیمپس میں بھی قائم کیا جا رہا ہے جس سے نیو کیمپس کے طلباء و طالبات کو سیکھنے کا بھرپور موقع میسر آئے گا۔ اس موقع پر ڈاکٹر علی عثمان سلیم، ذیشان احمد خان پبلک ریلیشن آفیسر، رضوان احمد پروٹوکول آفیسر، ڈاکٹر سلمیٰ امبر اور ڈاکٹر اصغر جمال بھی موجود تھے۔

جی سی یونیورسٹی اور یونیورسٹی آف رزل سسٹم فلپائن کے درمیان بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنیشنل لینگجز اور انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ اینڈ سوشل پروگرامز یونیورسٹی آف رزل سسٹم فلپائن کے باہمی اشتراک سے ٹیچنگ اور لرننگ کلچر کے بین الاقوامی معیار اور نئے بدلتے ہوئے حالات کے عنوان پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد دونوں ممالک کی ثقافت، تعلیمی اقدار اور ٹیچنگ سکلز کے حوالے سے معلومات کا تبادلہ کرنا تھا تاکہ دونوں ممالک کے طلباء و طالبات مستقبل میں مشترکہ طور پر پروجیکٹس اور سائنسی ایجادات اور ریسرچ میں مدد فراہم کر سکیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر انٹرنیشنل لینگیجز ڈاکٹر شہزاد علی شاہد چٹھہ کا کہنا تھا کہ ایسے سیشنز سے دونوں ممالک کے طلباء کو سیکھنے کا بھرپور موقع ملے گا، ایک دوسرے کی ثقافت اور تعلیمی معیار کو پرکھنے کا موقع میسر آئے گا۔ پریزیڈنٹ یونیورسٹی آف رزل سسٹم فلپائن ڈاکٹر پاسو کال نے اپنے خطاب میں کہا کہ تعلیمی سرگرمیوں میں ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اشد ضرورت ہے، دونوں ادارے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبہ میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر عاصم محمود، پروفیسر ڈاکٹر طیبہ سلطانہ نے ڈیٹا سسٹم اور ٹیکنالوجی کو تدریسی سرگرمیوں کا حصہ بنانے پر زور دیا۔ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی طرف سے ڈاکٹر بلال طاہر، ڈاکٹر فہیم، ڈاکٹر شمائلہ شہزاد اور ڈپٹی ڈائیریکٹر ڈاکٹر محمد نواز نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔